## پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اور سندھ کے سینئر وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کی ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے لندن میں ملاقات

## سندھ کی سیاسی صورتحال، سندھ خصوصاً کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، امن وامان اور ملک کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال پر تفصیلی بات چیت

## ایم کیو ایم اور پیپلزپارٹی ملک میں جمہوریت کے فروغ اور جمہوریت کے استحکام کیلئے نہ صرف کوششیں کرتی رہیں گی بلکہ ہر سطح پر بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کیا جائے گا

## گراس روٹ لیول پر بھی دونوں جماعتوں کے عہدیداروں اور کارکنوں کے درمیان مفاہمت اور اتحاد ویکجہتی کو فروغ دیا جائے گا۔ بات چیت میں اتفاق

## سندھ صوفیوں کی سرزمین ہے جہاں طالبانائزیشن اور مذہبی انتہاپسندی کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ الطاف حسین

## سابق وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو الطاف حسین کا خراج عقیدت، ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی

## پیپلزپارٹی کے رہنماؤں نے الطاف حسین سے انکے کزن سعید وارثی کے انتقال پر تعزیت کی

لندن۔۔۔9 نومبر 2008ء

پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اور سندھ کے سینئر وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا نے ہفتہ کی شب متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اور دیگر ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کی چیئرپرسن اور سابق وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کیا اور انکے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی جبکہ پیپلزپارٹی کے رہنماؤں نے جناب الطاف حسین سے انکے کزن سعید وارثی کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔ ملاقات مجموعی طور پر پانچ گھنٹہ تک جاری رہی۔ پیپلزپارٹی کے رہنماؤں نے دو گھنٹہ تک جناب الطاف حسین سے ون ٹو ون بھی ملاقات کی جسکے بعد گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اور رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی بات چیت میں شریک ہوئے۔ ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورتحال، سندھ خصوصاً کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، امن وامان اور ملک کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے سندھ کے سینئر وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو طالبانائزیشن کے بارے میں ثبوت وشواہد سے آگاہ کیا اور صوبے میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سندھ صوفیوں کی سرزمین اور امن کی دھرتی ہے جہاں طالبانائزیشن اور مذہبی انتہاپسندی کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ بات چیت میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ سندھ میں امن واستحکام کیلئے صوبہ کی تمام نمائندہ جماعتوں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ ملک پر داخلی وبیرونی خطرات منڈلا رہے ہیں اور ملک کو طرح طرح کی مشکلات اور چیلنجز کا سامنا ہے لہٰذا ملک کی بقاء واستحکام، ملک کو معاشی بحران سے نکالنے اور جمہوریت کے فروغ کیلئے تمام جمہوری قوتوں کو اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر آپس میں اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ ایم کیو ایم اور پیپلزپارٹی ملک میں جمہوریت کے فروغ اور جمہوریت کے استحکام کیلئے نہ صرف کوششیں کرتی رہیں گی بلکہ ہر سطح پر بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ دونوں جماعتیں سندھ میں امن واستحکام، عوام کے مسائل کے حل اور صوبہ کی ترقی وخوشحالی کیلئے مل جل کر کام کرتی رہیں گی اور دونوں جماعتوں کے اتحاد کو ہر سطح پر مزید مضبوط کیا جائے گا۔ بات چیت میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ مسائل کو صوبائی اور مقامی سطح پر حل کرنے کیلئے دونوں جماعتوں کے وزراء، ارکان اسمبلی، ناظمین اور کونسلروں کی سطح پر ورکنگ ریلیشن شپ کو مزید بہتر کیا جائے گا اور گراس روٹ لیول پر بھی دونوں جماعتوں کے عہدیداروں اور کارکنوں کے درمیان مفاہمت اور اتحاد ویکجہتی کو فروغ دیا جائے گا۔ ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، طارق جاوید، سلیم شہزاد، انیس قائم خانی، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، مصطفےٰ عزیز آبادی اور قاسم علی رضا بھی شریک تھے۔

## دنیا کے ممتاز جریدے ''فارن پالیسی'' کی جانب سے دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی زبردست مبارکباد اور خراج تحسین

## مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جانا صرف کراچی کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کیلئے ایک اعزاز اور قابل فخر بات ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔9 نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خارجہ امور سے متعلق دنیا کے ممتاز جریدے ''فارن پالیسی'' کی رپورٹ ''دی میئر آف مومنٹ'' میں دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو زبردست مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے سٹی ناظم کی حیثیت سے جس طرح رات دن شہر کی خدمت کی ہے اور شہر کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں کی صفوں میں شامل کیا ہے اس کو آج پوری دنیا تسلیم کررہی ہے اور دنیا کے ممتاز جریدے فارن پالیسی کی جانب سے مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جانا اس کا کھلا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جانا صرف کراچی کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کیلئے ایک اعزاز اور قابل فخر بات ہے۔جناب الطاف حسین نے مصطفیٰ کمال کو تلقین کی کہ وہ اسی طرح محنت وجانفشانی کے ساتھ شہر کی ترقی اور شہریوں کی بلاامتیاز خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

## دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کی زبردست مبارکباد

## قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے کارکنوں کی ایسی تربیت کی ہے کہ وہ آج پوری دنیا میں اپنے شہر اور ملک کا نام روشن کررہے ہیں جس پر ہم جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔9 نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خارجہ امور سے متعلق دنیا کے ممتاز جریدے ''فارن پالیسی'' کی رپورٹ ''دی میئر آف مومنٹ'' میں دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، کراچی کے شہریوں اور تمام حق پرست عوام کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت تعمیر وترقی کیلئے جس طرح کوشاں ہے اور عوام کی جس طرح مثالی اور بلاامتیاز خدمت کررہی ہے اس کا اعتراف دنیا بھر میں کیا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کو بھی زبردست مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے کارکنوں کی ایسی تربیت کی ہے کہ وہ آج پوری دنیا میں اپنے شہر اور اپنے ملک کا نام روشن کررہے ہیں جس پر ہم جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔

## رابطہ کمیٹی نے سابق حق پرست کونسلر حاجی جلال خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر لانڈھی سے سابق حق پرست کونسلر حاجی جلال خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ حاجی جلال خان سے کسی بھی قسم کا رابطہ یا تعلق نہ رکھیں۔واضح رہے کہ حاجی جلال خان چندروز قبل تک لندن میں مقیم تھے اور گزشتہ کئی برسوں سے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن کی ذمہ داری سے فارغ کرکے گھر بٹھادیا گیا تھا۔

## شاہجہاں بیگم کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی

## الطاف حسین نے خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی

لندن۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں شعبہ خواتین کی رکن شاہجہاں بیگم کی والدہ محترمہ اختری بیگم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔فاتحہ خوانی میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ، رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار، گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد، سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال، رابطہ کمیٹی لندن کے ارکان، شعبہ خواتین کی ارکان اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی ۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی اور مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی ۔

## بلوچستان کے 17 دیہاتوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں

## بارہویں روز مرکزی میڈیکل کیمپ پر 260 مریضوں

کراچی۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ سے متاثرہ گاؤں اور دیہاتوں میں طبی و امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان میں زلزلہ کے بارہویں روز میزان چوک کوئٹہ میں مرکزی امدادی کیمپ سے 6 ٹیمیں زلزلہ زدگان کوطبی سہولیات کی فراہمی اور امدادی اشیاء کی تقسیم کیلئے روانہ ہوئیں۔امدادی ٹیموں میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، اراکین سندھ اسمبلی عامر معین، وسیم احمد، ایم کیوایم کی کونٹیکٹ کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، اراکین رفیق، یاور جمیل، عبدالخالق بلوچ، ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر یوسف شاہوانی، اراکین حسین پہنور اور انور ترین شامل تھے۔اس موقع پر امدادی ٹیموں نے بلوچستان کے 17 دیہاتوں میں امدادی سامان تقسیم کیا جن میں کلی پیچی، کلی زیارت، کلی شارع، کلی موزن، رئیسانی، کلی شرن، زندرہ، کلی امیر خان، کلی غنڈی، کلی گوگئی، کلی سرکیان، کلی شہید بابا، کلی مرغئی، کلی بالاچنگی اور کلی منان ماسٹر شامل ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے زلزلہ متاثرین میں بڑی تعداد میں خیمے، کمبل، غذائی اجناس اور گرم کوٹ تقسیم کئے گئے۔ادھر زلزلہ متاثرین کو علاج و معالجہ کی فراہمی کے سلسلے میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں نے مرکزی طبی کیمپ میں 260 مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں ادویات فراہم کیں۔اس موقع پر زلزلہ سے متاثرہ افراد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی سرگرمیوں کی تعریف کی اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## بلوچستان میں ایم کیوایم کے مرکزی کیمپ پر محنت ولگن سے کام کرنے والے دوبچوں کو الطاف حسین کا خراج تحسین

## دونوں بچوں کو الطاف حسین کی جانب سے ایک ایک ہزار روپے انعام کا اعلان

کوئٹہ۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان میں زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے لگائے گئے ایم کیوایم کے مرکزی امدادی کیمپ محنت ولگن سے کام کرنے والے دو بچوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انہیں انعام دینے کا اعلان کیا۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز امدادی سرگرمیوں میں مصروف خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیوایم کے کارکنوں سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین کی گفتگو کے بعد امدادی ٹیم کے ارکان نے دونوں بچوں کو انعام کے طور پر ایک ایک ہزار روپے دیئے۔

## سول ایوی ایشن اتھارٹی کے عارضی ملازمین کو مستقل کئے جانے پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے سول ایوی ایشن اتھارٹی کے عارضی ملازمین کو مستقل کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے اور مستقل کئے گئے تمام محنت کشوں کو دلی مبارکباد دی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے عارضی ملازمین کی بحالی پر صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے ان سے اپیل کی کہ عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کے نوٹیفکیشن کا اجراء جلد کرایا جائے۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال اور نیوکراچی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے کارکن افضل غیاث کے والد غیاث الدین قریشی اور ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ A-135 کے کارکن سمیع الدین کی والدہ محترمہ خیر النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہجہاں کی والدہ کو سپرد خاک کردیا گیا، سوئم پیر کو ہوگا
## تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔9،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی سینٹر کوآرڈی نیشن کمیٹی کی رکن محترمہ شاہجہاں کی والدہ محترمہ اختری بیگم مرحومہ عزیز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، خالد بن ولایت، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی فرحت خان، شیخ صلاح الدین، انور عالم، امام الدین شہزاد، ٹاؤن ناظم کمال احمد، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی رکن آنسہ ممتاز انوار، اراکین قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ اور محترمہ فوزیہ اعجاز اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے مرحومہ کی رہائشگاہ پر سوگوار خواتین سے ملاقات کی اور انہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر انہوں نے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔دریں اثناء محترمہ اختری بیگم مرحومہ کا سوئم 10 نومبر پیر کو بعد نماز ظہر مصطفیٰ مسجد فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆